# PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
# KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ex-1215 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**
**Assembly Business**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa Legis-I (R)/2025/8486**
**Date, Peshawar the 03 /11/2025/**

To,

The Secretary to Government of Khyber Pakhtunkhwa,
Home and Tribal Affairs Department

Subject: - **RESOLUTION No.218 ADOPTED BY THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to say that the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa in its sitting held on **27-10-2025** passed unanimously the following Resolution No.**218** moved by Mr. Hamid ur Rehman, (PK-19) Member Provincial Assembly Khyber Pakhtunkhwa. The resolution is given below:-

ہر گاہ کہ اس وقت تمام قبائیلی اضلاع، بالخصوص ضلع باجوڑ میں غیر اعلانیہ ٹارگیٹڈ آپریشن جاری ہے اور گذشتہ تین مہینوں کے دوران ماموند اور چارمنگ کے مختلف علاقوں میں سیکیورٹی فورسیز کے جانب سے سولین آبادی پر مارٹر شلینگ اور ڈرون (کواڈکاپٹر) حملوں کے نتیجے میں 20 سے زائد بے گناہ شہری شہید وزخمی ہو چکے ہیں۔ یہ کارروائیاں ریاست پاکستان اور باجوڑ امن جرگہ کے درمیان طے شدہ تحریری معاہدے کی صریح خلاف ورزی ہے جس میں واضح طور پر طے کیا گیا تھا کہ

1۔ سویلین آبادی کو کسی صورت نشانہ نہیں بنایا جائے گا۔

2۔ محدود وقت میں باجوڑ کے تمام علاقے کلئیر کیئے جائیں گے۔ تاہم افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ان شرائط پر عمل درآمد نہیں ہوا اور آپریشن کا سلسلہ تاحال جاری ہے۔ لہذا یہ ایوان تمام اسٹیک ہولڈرز سے مطالبہ کرتا ہے کہ

1۔ فورسز کو پابند بنایا جائیں کہ وہ سویلین آبادی کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائیں۔

2۔ ایسی تمام کارروائیوں سے اجتناب کیا جائے۔ جن میں شہری جانی نقصان کا اندیشہ ہو۔

3۔ حکومت اور ریاستی ادارے اس بات کو تسلیم کرے کہ عسکری آپریشن کسی مسئلے کا پائیدار حل نہیں۔

4۔ قبائیلی امن جرگہ، مقامی نمائندے اور دیگر اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ایک جامع جرگہ تشکیل دیا جائے۔ جو افغانستان و مقامی سطح پر مذاکراتی عمل کو آگے بڑھائے تاکہ پورے خطے میں دیرپا امن قائم ہو۔

یہ ایوان اس امر پر بھی یقین رکھتا ہے کہ امن کا راستہ بات چیت، اعتماد سازی اور عوامی شمولیت سے ہی ممکن ہے۔

You are, therefore requested that action taken on the resolution may be intimated to this Secretariat within a period of two months from the date of its communication under sub-rule (2) of Rule 165 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 1988 for circulation amongst the Members of the Assembly.

Your faithfully,

**(AAMIR KHAN)**
Assistant Secretary,
Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa